[1] (V.2:42): Narrated 'Atā bin Yasār: I met 'Abdullāh bin 'Amr bin Al-'Ās and asked him, "Tell me about the description of Allāh's Messenger ﷺ which is mentioned in the Taurāt (Torah)." He replied, "Yes. By Allāh, he is described in the Taurāt (Torah) with some of the qualities attributed to him in the Qur'ān as follows: 'O Prophet! We have sent you as a witness (for Allāh's true religion). And a giver of glad tidings (to the faithful believers). And a warner (to the disbelievers), and a guardian of the illiterates. You are My slave and My Messenger I have named you *Al-Mūtawakkil* (who depends upon Allāh). You are neither discourteous, harsh nor a noisemaker in the markets, and you do not do evil to those who do evil to you, but you deal with them with forgiveness and kindness. Allāh will not let him (the Prophet ﷺ) die till he makes straight the crooked people by making them say: '*Lā ilāha illallāh*' (none has the right to be worshipped but Allāh), by which 'blind eyes, deaf ears and closed hearts' will be opened." [*Sahih Al-Bukhāri*, 3/2125 (O.P.335)]

[2] (V.2:43) *Ar-Rāki'ūn*: Those who bow down or submit themselves with obedience to Allāh with Muhammad ﷺ as the Muslims have done, i.e., embrace Islām (worshipping none but Allāh Alone and doing good with the only intention of seeking Allāh's Pleasure).

① اس سے مراد نبی ﷺ کی وہ صفات ہیں جو تورات وانجیل میں موجود تھیں۔ مثلاً: ''اے نبی! ہم نے تجھے اظہار حق کرنے والا اور خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ اور اُمیوں (عربوں) کو (عذاب آخرت سے) بچانے والا، تو میرا بندہ اور میرا رسول ہے۔ میں نے تیرا نام متوکل رکھا ہے۔ وہ بدزبان ہے نہ سخت دل، بازاروں میں غل مچانے والا نہ برائی کا بدلہ برائی سے دینے والا۔ بلکہ درگزر کرنے اور بخش دینے والا ہے۔ اللہ اسے دنیا سے اس وقت تک نہیں اٹھائے گا جب تک کہ وہ اس بگڑی ہوئی قوم کو سیدھا نہ کر لے یعنی یہ لوگ [لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ] نہ کہنے لگیں اور اس کی برکت سے اندھی آنکھیں، بہرے کان اور غلاف چڑھے دل کھل نہ جائیں۔'' (صحیح البخاری، البیوع، باب: 50 حدیث: 2125)

أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنسَوْنَ أَنفُسَكُمْ وَأَنتُمْ تَتْلُونَ الْكِتَابَ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٤٤﴾

کیا تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو،① حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو پھر کیا تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿44﴾

**44.** Enjoin you *Al-Birr* (piety and righteousness and every act of obedience to Allāh) on the people and you forget (to practise it) yourselves,[1] while you recite the Scripture [the Taurāt (Torah)]! Have you then no sense?

وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ ۚ وَإِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ إِلَّا عَلَى الْخَاشِعِينَ ﴿٤٥﴾

اور تم صبر اور نماز کے ذریعے سے اللہ کی مدد طلب کرو، اور بے شک یہ بہت بھاری ہے مگر عاجزی کرنے والوں پر (بھاری نہیں) ﴿45﴾

**45.** And seek help in patience and *As-Salāt* (the prayers) and truly, it is extremely heavy and hard except for *Al-Khāshi'ūn* [i.e. the true believers in Allāh — those who obey Allāh with full submission, fear much from His punishment, and believe in His Promise (Paradise) and in His Warnings (Hell)].

الَّذِينَ يَظُنُّونَ أَنَّهُم مُّلَاقُو رَبِّهِمْ وَأَنَّهُمْ إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ﴿٤٦﴾

جو لوگ اس بات کا یقین رکھتے ہیں کہ وہ اپنے رب سے ضرور ملنے والے ہیں اور یہ کہ بے شک وہ اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿46﴾

**46.** (They are those) who are certain that they are going to meet their Lord, and that to Him they are going to return.

يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَنِّي فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ ﴿٤٧﴾

اے بنی اسرائیل! تم میری وہ نعمت یاد کرو جو میں نے تم پر انعام کی اور بے شک میں نے تمھیں فضیلت دی تھی جہانوں پر ﴿47﴾

**47.** O Children of Israel! Remember My Favour which I bestowed upon you and that I preferred you to the *'Alamīn* [mankind and jinn (of your time period, in the past)].

وَاتَّقُوا يَوْمًا لَّا تَجْزِي نَفْسٌ عَن نَّفْسٍ شَيْئًا وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا

اور اس دن سے ڈرو جب کوئی جان کسی جان کو کچھ فائدہ نہیں دے گی اور نہ اس سے کوئی سفارش قبول

**48.** And fear a Day (of Judgement) when a person shall not avail another, nor will

---

★ حاشیہ: البقرۃ، آیت: 43.

② [الرّاکعین] جو حضرت محمد ﷺ کے ساتھ رکوع کرتے ہیں جیسا کہ مسلمانوں کا عمل ہے یعنی انھوں نے اسلام قبول کرلیا ہے اور وہ صرف ایک اللہ کی عبادت کرتے ہیں اور صرف اسی کی خوشنودی کے لیے اعمال صالح کرتے ہیں۔

---

[1] (V.2:44) Narrated Abu Wā'il رضي الله عنه: Someone said to Usāmah, "Will you not talk to this ('Uthmān)?" Usāmah said, "I talked to him (secretly) without being the first man to open an evil door. I will never tell a ruler who rules over two men or more that he is good after I heard Allāh's Messenger ﷺ saying: 'A man will be brought and put in Hell (Fire) and he will circumambulate (go round and round) in Hell (Fire) like a donkey of a (flour) grinding mill, and all the people of Hell (Fire) will gather around him and will say to him: O so-and-so! Didn't you use to order others for *Al-Ma'rūf* (Islāmic Monotheism and all that is good) and forbid them from *Al-Munkar* (polytheism, disbelief, and all that is evil)? That man will say: I used to order others to do *Al-Ma'rūf* (Islāmic Monotheism and all that is good) but I myself never used to do it, and I used to forbid others from *Al-Munkar* (polytheism, disbelief, and all that is evil) while I myself used to do *Al-Munkar* (polytheism, disbelief and all that is evil).'"[*Sahih Al-Bukhāri*, 9/7098 (O.P.218)]

① حدیث میں آیا ہے: "(قیامت کے دن) ایک آدمی کو لایا جائے گا اور جہنم میں جھونک دیا جائے گا۔ وہ اس میں اس طرح چکر کھاتا رہے گا جیسے چکی کا پاٹ گھمانے والا گدھا چکر کھاتا ہے۔ اہل دوزخ اس کے گرد جمع ہو کر پوچھیں گے: "ارے! کیا تو وہی شخص نہیں جو (دنیا میں) بھلائی کا حکم دیتا تھا اور برائی سے روکتا تھا؟" وہ جواب میں کہے گا: "میں بھلائی کا حکم تو دیتا تھا مگر خود اس پر عمل نہ کرتا تھا اور برائی سے روکتا تھا لیکن خود برے کام کیا کرتا تھا۔" (صحیح البخاری، الفتن، باب: 17 حدیث: 7098)

عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝٤٨

کی جائے گی اور نہ اس سے کوئی عوض لیا جائے گا اور نہ ان کی مدد ہی کی جائے گی ۝٤٨

intercession be accepted from him nor will compensation be taken from him nor will they be helped.

وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِىْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝٤٩

اور (یاد کرو) جب ہم نے تمھیں آل فرعون سے نجات دی وہ تمھیں سخت عذاب دیتے تھے، تمھارے بیٹوں کو ذبح کرتے اور تمھاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیتے تھے، اور اس میں تمھارے رب کی طرف سے بہت بڑی آزمائش تھی ۝٤٩

**49.** And (remember) when We delivered you from Fir'aun's (Pharaoh) people, who were afflicting you with a horrible torment, killing your sons and sparing your women, and therein was a mighty trial from your Lord.

وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝٥٠

اور جب ہم نے تمھارے لیے سمندر کو پھاڑ دیا، پھر ہم نے تمھیں نجات دی اور ہم نے آل فرعون کو غرق کر دیا جبکہ تم دیکھ رہے تھے ۝٥٠

**50.** And (remember) when We separated the sea for you and saved you and drowned Fir'aun's (Pharaoh) people while you were looking (at them, when the sea water covered them).

وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝٥١

اور (یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ سے وعدہ کیا چالیس راتوں کا، پھر موسیٰ کے (طور پر) جانے کے بعد تم نے بچھڑے کو معبود بنا لیا اور تم ظالم تھے ۝٥١

**51.** And (remember) when We appointed for Mūsā (Moses) forty nights, and (in his absence) you took the calf (for worship), and you were *Zālimūn* (polytheists and wrong doers).

ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٥٢

پھر اس کے بعد ہم نے تمھیں معاف کر دیا تاکہ تم شکر کرو ۝٥٢

**52.** Then after that We forgave you so that you might be grateful.

وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝٥٣

اور جب ہم نے موسیٰ کو کتاب اور فرقان (حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والی) دی تاکہ تم ہدایت پاؤ ۝٥٣

**53.** And (remember) when We gave Mūsā (Moses) the Scripture [the Taurāt (Torah)] and the criterion (of right and wrong) so that you may be guided aright.

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝٥٤

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! بے شک تم نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے بچھڑے کو (معبود) بنا کر، لہٰذا اب تم اپنے پیدا کرنے والے کے حضور توبہ کرو، اور تم اپنے آپ کو قتل کرو، یہ تمھارے لیے تمھارے پیدا کرنے والے کے نزدیک بہت بہتر ہے۔ پھر اللہ نے تم پر توجہ کی، بے شک وہی بہت توبہ قبول کرنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ۝٥٤

**54.** And (remember) when Mūsā (Moses) said to his people: "O my people! Verily, you have wronged yourselves by worshipping the calf. So turn in repentance to your Creator and kill yourselves (the innocent kill the wrong doers among you), that will be better for you with your Creator." Then He accepted your repentance. Truly, He is the One Who accepts repentance, the Most Merciful.

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ

اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم ہرگز تجھ پر ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ ہم اللہ کو سامنے

**55.** And (remember) when you said: "O Mūsā (Moses)! We shall never believe in you until we see

وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ﴿٥٥﴾

(علانیہ) نہ دیکھ لیں تو تمھیں بجلی نے پکڑ لیا اور تم دیکھ رہے تھے ۝55

Allāh plainly." But you were seized with a thunderbolt (lightning) while you were looking.

ثُمَّ بَعَثْنَاكُم مِّن بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ
تَشْكُرُونَ ﴿٥٦﴾

پھر ہم نے تمھیں زندہ کیا تمھاری موت کے بعد تاکہ تم شکر کرو ۝56

**56.** Then We raised you up after your death, so that you might be grateful.

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنزَلْنَا عَلَيْكُمُ
الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ ۖ كُلُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا
رَزَقْنَاكُمْ ۖ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَٰكِن كَانُوا
أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ﴿٥٧﴾

اور ہم نے تم پر سایہ کیا بادلوں کا اور (کھانے کے لیے) تم پر من وسلوی اتارا ① (اور کہا کہ) ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمھیں عطا کیں اور انھوں نے ہم پر ظلم نہیں کیا، بلکہ وہ اپنے آپ ہی پر ظلم کرتے تھے ۝57

**57.** And We shaded you with clouds and sent down on you *Al-Manna*[1] and the quails, (saying): "Eat of the good lawful things We have provided for you," (but they rebelled). And they did not wrong Us but they wronged themselves.

وَإِذْ قُلْنَا ادْخُلُوا هَٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوا مِنْهَا
حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَادْخُلُوا الْبَابَ
سُجَّدًا وَقُولُوا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ ۚ
وَسَنَزِيدُ الْمُحْسِنِينَ ﴿٥٨﴾

اور جب ہم نے کہا: تم اس بستی میں داخل ہو جاؤ اور اس میں جہاں سے تم چاہو جی بھر کر کھاؤ اور تم دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہونا اور کہنا: اے اللہ! ہمیں بخش دے، تو ہم تمھاری خطائیں معاف کر دیں گے اور عنقریب ہم احسان کرنے والوں کو زیادہ دیں گے ۝58

**58.** And (remember) when We said: "Enter this town (Jerusalem) and eat bountifully therein with pleasure and delight wherever you wish, and enter the gate in prostration (or bowing with humility) and say: 'Forgive us,' and We shall forgive you your sins and shall increase (reward) for the good-doers."

فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُوا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ
لَهُمْ فَأَنزَلْنَا عَلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا رِجْزًا
مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ﴿٥٩﴾ ع 6

تو جن لوگوں نے ظلم کیا انھوں نے بات بدل دی، سوائے اس کے جو ان سے کہی گئی تھی، پھر ہم نے ان ظالم لوگوں پر آسمان سے عذاب نازل کیا، ② اس وجہ سے کہ وہ نافرمانی کرتے تھے ۝59

**59.** But those who did wrong changed the word from that which had been told to them for another, so We sent upon the wrong doers *Rijz* (a punishment)[2] from the heaven because of their rebelling against Allāh's obedience. (*Tafsir At-Tabarī*)

وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِب
بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۖ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے پانی مانگا تو ہم نے کہا: اپنی لاٹھی پتھر پر مار، چنانچہ اس (پتھر) سے بہہ نکلے بارہ چشمے، ہر قبیلے نے اپنا اپنا گھاٹ پہچان

**60.** And (remember) when Mūsā (Moses) asked for water for his people, We said: "Strike the stone with your stick." Then

---

[1] (V.2:57) Mujāhid said, "*Al-Manna* is a kind of sweet gum, and *As-Salwā*, a kind of bird (i.e. quails)"... Narrated Sa'īd bin Zaid رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "The *Kam'a* (truffle — i.e. a kind of edible fungus) is like the *Manna* (as it is obtained without any effort) and its water is a (medicine) cure for eye trouble." [*Sahih Al-Bukhārī*, 6/4478 (O.P.5)]

[2] (V.2:59) Narrated Usāmah bin Zaid رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "Plague was a means of torture sent on a group of Israelis (or on some people before you). So if you hear of its spread in a land, don't approach it, and if plague should appear in a land where you are present, then don't leave that land in order to run away from it (i.e. plague)." [*Sahih Al-Bukhārī*, 4/3473 (O.P.679)]

① مجاہد رحمہ اللہ نے کہا: [مَنّ] ایک قسم کی میٹھی گوند ہے اور [سلویٰ] بٹیر کی طرح کا ایک پرندہ۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''کھمبی'' (جو خودرو ہوتی ہے) [مَنّ] کی قسم سے ہے (کیونکہ وہ بھی بلا مشقت حاصل ہو جاتی ہے) اور اس کے پانی میں آنکھ کے لیے شفا ہے۔'' (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 4 حدیث: 4478)

gushed forth therefrom twelve springs. Each (group of) people knew its own place for water. "Eat and drink of that which Allāh has provided and do not act corruptly, making mischief on the earth."

لیا۔(ہم نے کہا:) کھاؤ اور پیو اللہ کے رزق سے اور تم زمین میں فساد کرتے ہوئے نہ پھرو۔ ⑥⓪

عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۖ كُلُوا
وَاشْرَبُوا مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي
الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ﴿٦٠﴾

61. And (remember) when you said, "O Mūsā (Moses)! We cannot endure one kind of food. So invoke your Lord for us to bring forth for us of what the earth grows, its herbs, its cucumbers, its *Fūm* (wheat or garlic), its lentils and its onions." He said, "Would you exchange that which is better for that which is lower? Go you down to any town and you shall find what you want!" And they were covered with humiliation and misery, and they drew on themselves the Wrath of Allāh. That was because they used to disbelieve the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations etc.) of Allāh and killed the Prophets wrongfully. That was because they disobeyed and used to transgress the bounds (in their disobedience to Allāh, i.e. commit crimes and sins).

اور جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم ایک ہی کھانے پر ہرگز صبر نہیں کر سکتے، لہٰذا ہمارے لیے اپنے رب سے دعا مانگ کہ وہ ہمارے لیے وہ چیزیں نکال دے جو زمین اُگاتی ہے، (یعنی) اس کی ترکاری، ککڑی، گندم، مسور اور پیاز۔ موسیٰ نے کہا: کیا تم کمتر چیز لینا چاہتے ہو بدلے اس چیز کے جو بہتر ہے؟ اُترو کسی شہر میں، تو بے شک وہاں تمھارے لیے وہی کچھ ہے جس کا تم نے سوال کیا، اور ان پر ذلت اور محتاجی مسلط کر دی گئی اور وہ اللہ کے غضب کے ساتھ لوٹے۔ یہ اس لیے ہوا کہ بے شک وہ اللہ کی آیتوں کا انکار کرتے تھے اور قتل کرتے تھے نبیوں کو ناحق یہ اس سبب سے کہ انھوں نے نافرمانی کی اور وہ حد سے بڑھ جانیوالے تھے۔ ⑥①

وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَن نَّصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ
وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنبِتُ
الْأَرْضُ مِن بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا
وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۖ قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي
هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ ۚ اهْبِطُوا مِصْرًا فَإِنَّ
لَكُم مَّا سَأَلْتُمْ ۗ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ
وَالْمَسْكَنَةُ وَبَاءُوا بِغَضَبٍ مِّنَ اللَّهِ ۗ
ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ كَانُوا يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ
وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۗ ذَٰلِكَ بِمَا
عَصَوا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ ﴿٦١﴾ ع 7

62. Verily, those who believe and those who are Jews and Christians, and Sabians, [1] whoever believes in Allāh and the Last Day and does righteous good deeds shall have their

بے شک جو لوگ ایمان لائے، اور جو یہودی، عیسائی اور صابی (بے دین) ہوئے①، ان میں سے جو بھی اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان لایا اور نیک عمل کیے تو ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے، نہ تو

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ
وَالصَّابِئِينَ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ
وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ
وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٦٢﴾

★ حاشیہ: البقرۃ، آیت: 59.

② اس سے مراد طاعون ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے: "طاعون ایک طرح کا عذاب ہے جو پہلے پہل بنی اسرائیل کے ایک گروہ پر نازل کیا گیا تھا" یا یوں فرمایا: "اگلے لوگوں پر۔" (یہاں راوی کو شبہ ہے) "پھر جب تم سنو کہ کسی ملک میں طاعون پھیلا ہوا ہے تو وہاں مت جاؤ اور اگر وہ زمین اس کی لپیٹ میں آ جائے جہاں تمہارا قیام ہے تو وہاں سے فرار ہونے کی نیت سے نہ نکلو۔" (صحیح البخاری، أحادیث الأنبیاء، باب: 54 حدیث: 3473)

[1] (V.2:62) A past nation used to live in Musal (Iraq) and say *Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh) and used to read *Az-Zabur* (the Psalms of the Sabians) and they were neither Jews nor Christians.

① [صَابِئِینَ، صَابِیٌ] کی جمع ہے۔ یہ قوم یہودی تھی نہ نصرانی، یہ موصل (عراق) کے باشندے تھے اور زبور پڑھا کرتے تھے۔

انھیں کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے①﴿٦٢﴾

reward with their Lord, on them shall be no fear, nor shall they grieve.

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿٦٣﴾

اور جب ہم نے تم سے پختہ وعدہ لیا اور تم پر طور پہاڑ کو بلند کیا (اور کہا:) ہم نے تمھیں جو دیا ہے اسے قوت سے پکڑ لو، اور جو کچھ اس (کتاب) میں ہے اسے یاد رکھو، تاکہ تم متقی بن جاؤ﴿٦٣﴾

**63.** And (O Children of Israel, remember) when We took your covenant and We raised above you the Mount (saying): "Hold fast to that which We have given you, and remember that which is therein so that you may become *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

ثُمَّ تَوَلَّيْتُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ فَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَكُنتُم مِّنَ الْخَاسِرِينَ ﴿٦٤﴾

پھر اس کے بعد تم پھر گئے، تو اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم ضرور خسارہ پانے والوں میں سے ہو جاتے﴿٦٤﴾

**64.** Then after that you turned away. Had it not been for the Grace and Mercy of Allāh upon you, indeed you would have been among the losers.

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ اعْتَدَوْا مِنكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ﴿٦٥﴾

اور یقیناً تمھیں ان لوگوں کا علم ہے جنھوں نے تم میں سے ہفتے (کے دن) میں زیادتی کی، تو ہم نے ان سے کہا: تم ذلیل بندر بن جاؤ﴿٦٥﴾

**65.** And indeed you knew those amongst you who transgressed in the matter of the Sabbath (i.e. Saturday). We said to them: "Be you monkeys, despised and rejected." [See (V.7:163-166)]

فَجَعَلْنَاهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ﴿٦٦﴾

پھر ہم نے اس (واقعے) کو ان کے لیے عبرت بنا دیا جو اس زمانے میں تھے اور جو اس کے بعد آنے والے تھے اور پرہیزگار لوگوں کے لیے اسے نصیحت (بنا دیا)﴿٦٦﴾

**66.** So We made this punishment an example to their own and to succeeding generations and a lesson to those who are *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَن تَذْبَحُوا بَقَرَةً قَالُوا أَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا قَالَ أَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ ﴿٦٧﴾

اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: بے شک اللہ تمھیں حکم دیتا ہے کہ تم ایک گائے ذبح کرو، انھوں نے کہا: کیا تو ہم سے ہنسی مذاق کرتا ہے؟ موسیٰ نے کہا: میں اس بات سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں کہ میں جاہلوں میں شامل ہو جاؤں﴿٦٧﴾

**67.** And (remember) when Mūsā (Moses) said to his people: "Verily, Allāh commands you that you slaughter a cow." They said, "Do you make fun of us?" He said, "I take Allāh's Refuge from being among *Al-Jāhilūn* (the ignorant or the foolish)."

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ ﴿٦٨﴾

انھوں نے کہا: تو ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کر کہ وہ ہمارے لیے بیان کرے کہ وہ (گائے) کیسی ہو؟ موسیٰ نے کہا: بے شک اللہ کہتا ہے کہ بے شک وہ گائے نہ بوڑھی ہو اور نہ بچھیا، ان کے درمیان عمر

**68.** They said, "Call upon your Lord for us that He may make plain to us what it is!" He said, "He says, 'Verily, it is a cow neither too old nor too young, but (it is) between the two

① اس آیت اور سورۂ مائدہ کی آیت:69 سے بعض لوگوں نے وحدت ادیان کا مفہوم اخذ کیا ہے یعنی تمام مذاہب برحق ہیں، لیکن یہ صحیح نہیں۔ آیت سے قطعاً یہ مفہوم نہیں نکلتا۔ علاوہ ازیں یہ بات قرآن و حدیث کی تصریحات کے منافی ہے۔ نبی ﷺ کا فرمان ہے: "مجھ پر ایمان نہ لانے والا جہنمی ہے۔" (صحیح مسلم، کتاب الإیمان، بَابُ وُجُوبِ الْإِيمَانِ بِرِسَالَةِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ، حدیث: 153) اور اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "جو شخص دین اسلام کے علاوہ کسی اور دین کا متمنی ہے تو وہ اس سے قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ شخص آخرت میں خسارہ پانے والوں میں سے ہوگا۔" (سورۂ آل عمران: 85)

کی ہو، چنانچہ تم وہ کرو جو تمھیں حکم دیا جاتا ہے ﴿۶۸﴾

conditions', so do what you are commanded."

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ ﴿٦٩﴾

انھوں نے کہا: تو ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کر کہ وہ ہمارے لیے بیان کرے اس کا رنگ کیسا ہو؟ موسیٰ نے کہا: اللہ فرماتا ہے: بے شک وہ گائے زرد رنگ کی ہو، اس کا رنگ خوب گہرا ہو، وہ دیکھنے والوں کو خوش کردے ﴿۶۹﴾

**69.** They said, "Call upon your Lord for us to make plain to us its colour." He said, "He says, 'It is a yellow cow, bright in its colour, pleasing the beholders.' "

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا وَإِنَّا إِن شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ ﴿٧٠﴾

انھوں نے کہا: ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کر وہ ہمارے لیے (مزید) بیان کرے کہ وہ گائے کس قسم کی ہو؟ بے شک گائیں ہم پر مشتبہ ہوگئی ہیں اور یقیناً اگر اللہ نے چاہا تو ہم ضرور راہ پالیں گے ﴿۷۰﴾

**70.** They said, "Call upon your Lord for us to make plain to us what it is. Verily, to us all cows are alike. And surely, if Allāh wills, we will be guided."

قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ۚ قَالُوا الْآنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ۚ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ ﴿٧١﴾ ع

موسیٰ نے کہا: بے شک اللہ فرماتا ہے کہ بے شک وہ گائے مشقت کرنے والی نہ ہو کہ زمین میں ہل چلاتی ہو اور نہ کھیتی کو پانی دیتی ہو، وہ بے عیب ہو، اس میں کوئی داغ دھبا نہ ہو۔ انھوں نے کہا: اب تو حق لایا ہے، پھر انھوں نے اسے ذبح کیا اور لگتے نہیں تھے کہ وہ یہ کام کریں گے ﴿۷۱﴾

**71.** He [Mūsā (Moses)] said, "He says, 'It is a cow neither trained to till the soil nor water the fields, sound, having no other colour except bright yellow.' " They said, "Now you have brought the truth." So they slaughtered it though they were near to not doing it.

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا ۖ وَاللَّهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ ﴿٧٢﴾

اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا، پھر تم نے اس کے بارے میں جھگڑا کیا اور اللہ اسے ظاہر کرنے والا تھا جسے تم چھپاتے تھے ﴿۷۲﴾

**72.** And (remember) when you killed a man and fell into dispute among yourselves as to the crime. But Allāh brought forth that which you were hiding.

فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا ۚ كَذَٰلِكَ يُحْيِي اللَّهُ الْمَوْتَىٰ وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ﴿٧٣﴾

چنانچہ ہم نے کہا: تم اس (گائے کے گوشت) کا ایک ٹکڑا اس مردے کو مارو، اللہ اسی طرح مردوں کو زندہ کرے گا اور وہ تمھیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم سمجھو ﴿۷۳﴾

**73.** So We said: "Strike him (the dead man) with a piece of it (the cow)." Thus Allāh brings the dead to life and shows you His *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) so that you may understand.

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَإِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَاءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٧٤﴾

پھر اس کے بعد تمھارے دل سخت ہوگئے، چنانچہ وہ پتھروں کے مانند ہیں یا ان سے بھی زیادہ سخت، اور بے شک کچھ پتھر وہ ہیں کہ ان سے نہریں پھوٹتی ہیں، اور بے شک ان میں سے کچھ وہ ہیں کہ پھٹ پڑتے ہیں پھر ان سے پانی نکلتا ہے، اور بے شک ان میں سے کچھ وہ ہیں کہ اللہ کے ڈر سے گر پڑتے ہیں، اور اللہ اس سے غافل نہیں جو تم عمل کرتے ہو ﴿۷۴﴾

**74.** Then after that your hearts were hardened and became as stones or even worse in hardness. And indeed, there are stones out of which rivers gush forth, and indeed, there are of them (stones) which split asunder so that water flows from them, and indeed, there are of them (stones) which fall down for fear of Allāh. And Allāh is not unaware of what you do.

أَفَتَطْمَعُونَ أَن يُؤْمِنُوا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِن بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٧٥﴾

(مسلمانو!) کیا پھر تم توقع رکھتے ہو کہ وہ تمھاری بات مان لیں گے؟، حالانکہ ان میں سے ایک فریق ایسا ہے کہ وہ اللہ کا کلام سنتے ہیں پھر وہ اسے سمجھ لینے کے بعد اس میں تحریف کر دیتے ہیں، حالانکہ وہ جانتے ہیں ﴿٧٥﴾

**75.** Do you (faithful believers) covet that they will believe in your religion inspite of the fact that a party of them (Jewish rabbis) used to hear the Word of Allāh [the Taurāt (Torah)], then they used to change it knowingly after they understood it?

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا أَتُحَدِّثُونَهُم بِمَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَاجُّوكُم بِهِ عِندَ رَبِّكُمْ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿٧٦﴾

اور جب وہ ان لوگوں سے ملتے ہیں جو ایمان لائے تو کہتے ہیں: ہم بھی ایمان لائے ہیں، اور جب وہ ایک دوسرے کے ساتھ تنہا ہوتے ہیں تو (آپس میں) کہتے ہیں: کیا تم مسلمانوں کو وہ باتیں بتلاتے ہو جو اللہ نے تم پر کھولی ہیں تاکہ وہ تمھارے رب کے ہاں تمھارے خلاف ان باتوں کو بطور حجت پیش کریں؟ پھر کیا تم عقل نہیں رکھتے؟ ﴿٧٦﴾

**76.** And when they (Jews) meet those who believe (Muslims), they say, "We believe", but when they meet one another in private, they say, "Shall you (Jews) tell them (Muslims) what Allāh has revealed to you [Jews, about the description and the qualities of Prophet Muhammad ﷺ, which are written in the Taurāt (Torah)][1] that they (Muslims) may argue with you (Jews) about it before your Lord?" Have you (Jews) then no understanding?

أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ﴿٧٧﴾

کیا وہ نہیں جانتے کہ بے شک اللہ (سب کچھ) جانتا ہے جو وہ چھپاتے اور جو ظاہر کرتے ہیں؟ ﴿٧٧﴾

**77.** Know they (Jews) not that Allāh knows what they conceal and what they reveal?

وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ﴿٧٨﴾

اور ان میں سے کچھ ان پڑھ ہیں، وہ کتاب کو نہیں جانتے سوائے جھوٹی آرزوؤں کے، اور بس وہ صرف گمان کرتے ہیں ﴿٧٨﴾

**78.** And there are among them (Jews) unlettered people, who know not the Book, but they trust upon false desires and they but guess.

فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ يَقُولُونَ هَٰذَا مِنْ عِندِ اللَّهِ لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۖ فَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا يَكْسِبُونَ ﴿٧٩﴾

چنانچہ ان لوگوں کے لیے ہلاکت ہے جو اپنے ہاتھوں سے کتاب لکھتے ہیں، پھر کہتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے تاکہ اس کے بدلے میں تھوڑی سی قیمت لے لیں، چنانچہ ان کے ہاتھوں نے جو لکھا اس کی وجہ سے ان کے لیے ہلاکت ہے، اور جو وہ کماتے ہیں اس کی وجہ سے ان کے لیے ہلاکت ہے ﴿٧٩﴾

**79.** Then woe to those who write the book with their own hands and then say, "This is from Allāh," to purchase with it a little price! Woe to them for what their hands have written and woe to them for that they earn (thereby).

وَقَالُوا لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَةً ۚ قُلْ أَتَّخَذْتُمْ عِندَ اللَّهِ عَهْدًا فَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ عَهْدَهُ ۖ أَمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿٨٠﴾

اور انھوں نے کہا: آگ ہمیں گنتی کے چند دنوں کے سوا ہرگز نہیں چھوئے گی۔ کہہ دیجیے: کیا تم نے اللہ سے کوئی عہد لیا ہے؟ پھر تو اللہ اپنے عہد کے خلاف ہرگز نہیں کرے گا، کیا تم وہ بات کہتے ہو اللہ کے بارے میں جو تم نہیں جانتے؟ ﴿٨٠﴾

**80.** And they (Jews) say, "The Fire (i.e. Hell-fire on the Day of Resurrection) shall not touch us but for a few numbered days." Say (O Muhammad ﷺ to them): "Have you taken a covenant from Allāh, so that Allāh will not

[1] (V.2:76) See the footnote of (V.2:42)

break His Covenant? Or is it that you say of Allāh what you know not?"

81. Yes! Whosoever earns evil and his sin has surrounded him, they are dwellers of the Fire (i.e. Hell); they will dwell therein forever.

کیوں نہیں! جس نے کوئی برائی کمائی اور اسے اس کی برائی نے گھیر لیا، تو وہی لوگ دوزخی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٨١﴾

بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨١﴾

82. And those who believe (in the Oneness of Allāh تعالى – Islāmic Monotheism) and do righteous good deeds, they are dwellers of Paradise, they will dwell therein forever. (See V.2:257)

اور جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کیے، وہی جنتی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٨٢﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٨٢﴾ ع

83. And (remember) when We took a covenant from the Children of Israel, (saying): Worship none but Allāh (Alone) and be dutiful and good to parents, and to kindred, and to orphans and *Al-Masākīn*[1] (the needy), and speak good to people [i.e. enjoin righteousness and forbid evil, and say the truth about Muhammad ﷺ], and perform *As-Salāt* (the prayers), and give *Zakāt* (obligatory charity). Then you slid back, except a few of you, while you are backsliders. (*Tafsir Al-Qurtubī*)

اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے پکا وعدہ لیا کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرنا اور والدین، رشتے داروں، یتیموں اور مسکینوں① سے نیک سلوک کرنا اور تم لوگوں سے اچھی باتیں کہنا، اور نماز قائم کرنا، اور زکاۃ دینا، پھر تم اس (وعدے) سے پھر گئے مگر تم میں سے تھوڑے (اس کے پابند رہے) اور تم تو پھر جانے والے ہی ہو ﴿٨٣﴾

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۣ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٨٣﴾

84. And (remember) when We took your covenant (saying): Shed not the blood of your (people), nor turn out your own people from their dwellings. Then, (this) you ratified and (to this) you bear witness.

اور جب ہم نے تم سے پکا وعدہ لیا کہ تم آپس میں ایک دوسرے کا خون نہ بہاؤ گے اور نہ نکالو گے اپنے لوگوں کو اپنے وطن سے پھر تم نے اقرار کیا اور تم (اس بات کے) گواہ ہو ﴿٨٤﴾

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿٨٤﴾

85. After this, it is you who kill

پھر تم ہی وہ لوگ ہو کہ اپنوں کو قتل کرتے ہو اور اپنوں

ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَاۗءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ

---

[1] (V.2:83) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "*Al-Miskīn* (the needy) is not the one who goes round the people and asks them for a mouthful or two (of meals) or a date or two, but *Al-Miskīn* (the needy) is that who has not enough (money) to satisfy his needs and whose condition is not known to others, that others may give him something in charity, and who does not beg of people." [*Sahih Al-Bukhārī*, 2/1479 (O.P.557)]. [Please also see *Tafsir At-Tabarī* (Verse 9:60)]

① حدیث میں مسکین کی تعریف یوں کی گئی ہے: ''مسکین وہ نہیں ہے جو لوگوں کے گھروں کے چکر لگاتا رہے، ایک لقمے اور دو لقمے اور ایک کھجور اور دو کھجور کی خواہش اسے دربدر پھراتی رہے۔ بلکہ مسکین تو وہ ہے جس کے پاس اتنا مال نہ ہو جو اسے کفایت کر جائے اور کوئی اس کا حال بھی نہ جانتا ہو کہ اسے خیرات دے اور نہ وہ خود لوگوں سے سوال کرے۔'' (صحیح البخاری، الزکاۃ، باب: 53 حدیث: 1479)

one another and drive out a party of you from their homes, assist (their enemies) against them, in sin and transgression. And if they come to you as captives, you ransom them, although their expulsion was forbidden to you. Then do you believe in a part of the Scripture and reject the rest? Then what is the recompense of those who do so among you, except disgrace in the life of this world, and on the Day of Resurrection they shall be consigned to the most grievous torment. And Allāh is not unaware of what you do.

میں سے ایک فریق کو ان کے گھروں سے نکال دیتے ہو، تم ان کے خلاف گناہ اور زیادتی کے ساتھ دوسروں کی مدد کرتے ہو۔ اور اگر وہ تمھارے پاس قیدی ہو کر آئیں تو تم انھیں فدیہ دے کر چھڑاتے ہو، حالانکہ تم پر ان کا نکال دینا ہی حرام کر دیا گیا تھا۔ کیا تم کتاب کے ایک حصے پر ایمان لاتے ہو اور دوسرے حصے کا انکار کرتے ہو؟ پھر تم میں سے جو شخص یہ کام کرے گا اس کی سزا اس کے سوا کوئی نہیں کہ رسوائی ہو دنیاوی زندگی میں اور قیامت کے دن وہ سخت ترین عذاب کی طرف دھکیلے جائیں گے۔ اور تم جو عمل کرتے ہو اللہ اس سے غافل نہیں ہے ﴿۸۵﴾

وَتُخْرِجُونَ فَرِيقًا مِّنكُم مِّن دِيَارِهِمْ
تَظَاهَرُونَ عَلَيْهِم بِالْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ؕ وَإِن
يَأْتُوكُمْ أُسَارَىٰ تُفَادُوهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ
عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ ۚ أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ
الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَاءُ مَن
يَفْعَلُ ذَٰلِكَ مِنكُمْ إِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيَاةِ
الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ إِلَىٰ أَشَدِّ
الْعَذَابِ ؕ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿٨٥﴾

86. Those are they who have bought the life of this world at the price of the Hereafter. Their torment shall not be lightened nor shall they be helped.

یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے دنیاوی زندگی کو آخرت کے عوض خرید لیا ہے، لہٰذا نہ تو ان سے عذاب ہلکے ہوں گے اور نہ ان کی مدد ہی کی جائے گی ﴿۸۶﴾

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْحَيَاةَ الدُّنْيَا
بِالْآخِرَةِ ۖ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا
هُمْ يُنصَرُونَ ﴿٨٦﴾ ع 10 4 10

87. And indeed, We gave Mūsā (Moses) the Book and followed him up with a succession of Messengers. And We gave 'Isā (Jesus), the son of Maryam (Mary), clear signs and supported him with *Rūh-ul-Qudus* [Jibrāīl (Gabriel) علیه السلام]. Is it that whenever there came to you a Messenger with what you yourselves desired not, you grew arrogant? Some you disbelieved and some you killed.

اور بے شک ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اس کے بعد اس کے پیچھے پے در پے رسول بھیجے اور ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو کھلے معجزات دیے اور اسے روح القدس (جبریل) کیساتھ قوت دی، کیا پھر جب بھی تمھارے پاس کوئی رسول وہ چیز لایا جسے تمھارے نفس نہ چاہتے تھے، تو تم نے تکبر کیا، پھر تم نے ایک فریق کو جھٹلایا اور دوسرے فریق کو تم قتل کر دیتے رہے ﴿۸۷﴾

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَقَفَّيْنَا مِن
بَعْدِهِ بِالرُّسُلِ ۖ وَآتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ
الْبَيِّنَاتِ وَأَيَّدْنَاهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ؕ
أَفَكُلَّمَا جَاءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَىٰ
أَنفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ
وَفَرِيقًا تَقْتُلُونَ ﴿٨٧﴾

88. And they say, "Our hearts are wrapped (i.e. do not hear or understand Allāh's Word)." Nay, Allāh has cursed them for their disbelief, so little is that which they believe.

اور انھوں نے کہا: ہمارے دل غلافوں میں ہیں (نہیں) بلکہ ان کے کفر کے باعث اللہ نے ان پر لعنت کی ہے۔ لہٰذا کم لوگ ہی ایمان لاتے ہیں ﴿۸۸﴾

وَقَالُوا قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۚ بَل لَّعَنَهُمُ اللَّهُ
بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيلًا مَّا يُؤْمِنُونَ ﴿٨٨﴾

89. And when there came to them (the Jews), a Book (this Qur'ān) from Allāh confirming what is with them [the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)], although aforetime they had invoked Allāh (for coming of

اور جب ان کے پاس اللہ کی طرف سے وہ کتاب آ گئی جو اس (کتاب) کی تصدیق کرتی ہے جو ان کے پاس ہے، اور اس سے پہلے وہ ان لوگوں کے خلاف فتح مانگتے تھے جنھوں نے کفر کیا، پھر جب ان کے پاس وہ (حق) آ گیا جسے انھوں نے پہچان لیا تو

وَلَمَّا جَاءَهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ
مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوا مِن قَبْلُ
يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ فَلَمَّا
جَاءَهُم مَّا عَرَفُوا كَفَرُوا بِهِ ۚ فَلَعْنَةُ اللَّهِ

Muhammad ﷺ) in order to gain victory over those who disbelieved, then when there came to them that which they had recognised, they disbelieved in it. So let the Curse of Allāh be on the disbelievers.

انھوں نے اس کا انکار کر دیا، لہٰذا کافروں پر اللہ کی لعنت ہے ﴿٨٩﴾

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٨٩﴾

**90.** How bad is that for which they have sold their ownselves, that they should disbelieve in that which Allāh has revealed (the Qur'ān), grudging that Allāh should reveal of His Grace to whom He wills of His slaves. So they have drawn on themselves wrath upon wrath. And for the disbelievers, there is a disgraceful torment.

وہ چیز بہت بری ہے جس کے بدلے انھوں نے اپنے نفس بیچ دیے، یہ کہ وہ اس چیز کا انکار کرتے ہیں جو اللہ نے نازل کی، صرف اس حسد کی بنا پر کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے اپنا فضل نازل کرے، پس وہ غضب درغضب کیساتھ لوٹے اور کافروں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے ﴿٩٠﴾

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٩٠﴾

**91.** And when it is said to them (the Jews), "Believe in what Allāh has sent down," they say, "We believe in what was sent down to us." And they disbelieve in that which came after it, while it is the truth confirming what is with them. Say (O Muhammad ﷺ to them): "Why then have you killed the Prophets of Allāh aforetime, if you indeed have been believers?"

اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کی اتاری ہوئی (کتاب) پر ایمان لاؤ تو کہتے ہیں کہ ہم اس پر ایمان لاتے ہیں جو ہم پر نازل کی گئی ہے، اور وہ اس کے ماسوا کا انکار کرتے ہیں، حالانکہ وہ (قرآن) حق ہے اس (کتاب) کی تصدیق کرتا ہے جو ان کے پاس ہے، کہہ دیجیے: پھر اس سے پہلے تم اللہ کے نبیوں کو کیوں قتل کرتے رہے اگر تم مومن تھے؟ ﴿٩١﴾

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۤ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩١﴾

**92.** And indeed Mūsā (Moses) came to you with clear proofs, yet you worshipped the calf after he left, and you were *Zālimūn* (polytheists and wrong doers).

اور بے شک موسیٰ تمھارے پاس کھلے معجزات لے کر آئے، پھر اس کے بعد تم نے بچھڑے کو پوجنا شروع کر دیا اور تم ہو ہی ظالم ﴿٩٢﴾

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿٩٢﴾

**93.** And (remember) when We took your covenant and We raised above you the Mount (saying), "Hold firmly to what We have given you and hear (Our Word)." They said, "We have heard and disobeyed." And their hearts absorbed (the worship of) the calf because of their disbelief. Say: "Worst indeed is that which your faith enjoins on you if you are believers."

اور (یاد کرو) جب ہم نے تم سے پکا وعدہ لیا اور ہم نے تم پر طور پہاڑ کو بلند کیا (اور کہا:) ہم نے تم کو جو دیا ہے اسے قوت کے ساتھ پکڑو اور سنو! انھوں نے کہا: ہم نے سنا اور ہم نے نافرمانی کی، اور ان کے کفر کی وجہ سے ان کے دلوں میں بچھڑے کی محبت پلا (ڈال) دی گئی۔ کہہ دیجیے: اگر تم مومن ہو تو وہ کام برا ہے جسے کرنے کا تمھارا ایمان تمھیں حکم دیتا ہے ﴿٩٣﴾

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۭ قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۤ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ۭ قُلْ بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٩٣﴾

**94.** Say to (them): "If the home of the Hereafter with Allāh is indeed for you specially and not for others, of mankind, then long for death if you are truthful."

کہہ دیجیے: اگر اللہ کے ہاں آخرت کا گھر، خاص تمھارے ہی لیے ہے اوروں کو چھوڑ کر تو تم موت کی تمنا کرو، اگر تم سچے ہو﴿۹۴﴾

قُلْ إِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ عِنْدَ اللَّهِ خَالِصَةً مِنْ دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ﴿٩٤﴾

**95.** But they will never long for it because of what their hands have sent before them (i.e. what they have done). And Allāh is All-Knower of the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers).

اور وہ اپنے ان گناہوں کی وجہ سے جو اپنے ہاتھوں کما کر آگے بھیج چکے ہیں، اس (موت) کی کبھی تمنا نہیں کریں گے اور اللہ ظالموں کو خوب جاننے والا ہے﴿۹۵﴾

وَلَنْ يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ﴿٩٥﴾

**96.** And verily, you will find them (the Jews) the greediest of mankind for life and (even greedier) than those who ascribe partners to Allāh [and do not believe in Resurrection — *Majūs* (Magians), pagans, and idolaters]. Everyone of them wishes that he could be given a life of a thousand years. But the grant of such life will not save him even a little from (due) punishment. And Allāh is All-Seer of what they do.

اور یقیناً آپ ان (یہودیوں) کو سب لوگوں سے بڑھ کر جینے کے حریص پائیں گے، اور ان لوگوں سے بھی زیادہ جنھوں نے شرک کیا، ان میں سے ہر ایک چاہتا ہے کاش! اسے ایک ہزار سال کی عمر مل جائے، حالانکہ اس قدر عمر کا ملنا بھی اسے عذاب سے بچانے والا نہیں اور جو عمل وہ کرتے ہیں اللہ اسے خوب دیکھنے والا ہے﴿۹۶﴾

وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلَىٰ حَيَاةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا ۚ يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ مِنَ الْعَذَابِ أَنْ يُعَمَّرَ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ﴿٩٦﴾ ع

**97.** Say (O Muhammad ﷺ): "Whoever is an enemy to Jibrāīl (Gabriel) (let him die in his fury), for indeed he has brought it (this Qur'ān) down to your heart by Allāh's Permission, confirming what came before it [i.e. the Taurāt (Torāh) and the Injīl (Gospel)] and guidance and glad tidings for the believers.

(اے نبی!) کہہ دیجیے: جو کوئی جبریل کا دشمن ہے، تو اسی نے اس قرآن کو اللہ کے حکم سے آپ کے دل پر نازل کیا ہے، یہ اس (کتاب) کی تصدیق کرتا ہے جو اس سے پہلے نازل ہوئی اور مومنوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے﴿۹۷﴾

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿٩٧﴾

**98.** "Whoever is an enemy to Allāh, His Angels, His Messengers, Jibrāīl (Gabriel) and Mikāīl (Michael), then verily, Allāh is an enemy to the disbelievers."

جو کوئی اللہ کا، اس کے فرشتوں کا، اس کے رسولوں کا اور جبریل اور میکائیل کا دشمن ہے تو بے شک اللہ بھی کافروں کا دشمن ہے﴿۹۸﴾

مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِلَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَجِبْرِيلَ وَمِيكَالَ فَإِنَّ اللَّهَ عَدُوٌّ لِلْكَافِرِينَ ﴿٩٨﴾

**99.** And indeed We have sent down to you manifest *Ayāt* (these Verses of the Qur'ān which inform in detail about the news of the Jews and their secret intentions), and none disbelieve in them but *Fāsiqūn* (those who rebel against Allāh's Command).

اور یقیناً ہم نے نازل کیں آپ کی طرف واضح آیتیں اور نافرمانوں کے سوا کوئی ان کا انکار نہیں کرتا﴿۹۹﴾

وَلَقَدْ أَنْزَلْنَا إِلَيْكَ آيَاتٍ بَيِّنَاتٍ ۖ وَمَا يَكْفُرُ بِهَا إِلَّا الْفَاسِقُونَ ﴿٩٩﴾

**100.** Is it not (the case) that every time they make a covenant, some party among them throw it aside? Nay! (the truth is:) most of them believe not.

کیا (ایسا نہیں ہوتا رہا کہ) جب بھی انھوں نے کوئی عہد
کیا تو ان میں سے ایک گروہ نے اسے پھینک دیا؟
بلکہ ان میں سے اکثر ایمان نہیں لاتے ⑩⓪

أَوَكُلَّمَا عَاهَدُوا عَهْدًا نَّبَذَهُ فَرِيقٌ مِّنْهُم ۚ
بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿١٠٠﴾

**101.** And when there came to them a Messenger from Allāh (i.e. Muhammad ﷺ) confirming what was with them, a party of those who were given the Scripture threw away the Book of Allāh behind their backs as if they did not know!

اور جب بھی اللہ کی طرف سے ان کے پاس کوئی
رسول آیا جو ان کے پاس موجود کتاب کی تصدیق
کرتا تھا تو جن لوگوں کو کتاب دی گئی تھی ان میں
سے ایک گروہ نے اللہ کی کتاب کو پیٹھ پیچھے پھینک
دیا گویا وہ جانتے ہی نہیں ⑩①

وَلَمَّا جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ
